19اپریل2017ء

حج درخواستوں کی واجبات کے ساتھ وصولی کے لیے

بینکوں کی نامزد برانچیں 22اور 23اپریل 2017ء (ہفتہ اور اتوار) کو کھلی رکھی جائیں: اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان نے وزارت مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کی درخواست پر 10 نامزد بینکوں (حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، نیشنل بینک آف پاکستان، ایم سی بی بینک، الائیڈ بینک، بینک آف پنجاب، بینک الفلاح، زرعی ترقیاتی بینک، حبیب میٹروپولیٹن بینک اور میزان بینک) کو ہدایت کی ہے کہ وہ حج 2017ء کے واجبات کے ساتھ حج درخواستوں کی وصولی کے لیے 22اور 23اپریل 2017ء (ہفتہ اور اتوار) کو اپنی نامزد برانچیں صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجکر 30 منٹ تک کھلی رکھیں۔ لہٰذا ملک بھر میں قائم ان بینکوں کی 8993 برانچیں اس مقصد کے لیے بروز ہفتہ اور اتوار کھلی رہیں گی۔

***